A–15–C

Roll No ..............................

Total No. of Questions : 15] [Total No. of Printed Pages : 15

# X1RKDO18
# 20815-C
# URDU

**Time : 3 Hours]** **[Maximum Marks : 100**

## حصہ "الف"

۱۔ درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی مصنف اور مضمون کے حوالے سے وضاحت کیجئے۔ ۵

(الف) ایک بدذات سنگ دل بولا کہ '' ایسا کام سوائے ہمارے کون کر سکتا ہے؟ یہ فتح ہمارے نام ہے، ہم نے عرش پر جھنڈا گاڑا ہے''۔ ایک اور لن ترانی والا ڈینگ مارنے لگا کہ '' میں کئی دن سے دوڑ دھوپ کر میرامن

Turn Over



https://www.jkboseonline.com

جنگل سے پکڑ لایا ہوں، میری محنت پر نظر کیجئے۔ اور جو قرار ہے سو

دیجئے۔'' اسی طرح اشرفیوں کے لالچ میں ہر کوئی کہتا تھا کہ یہ کام مجھ

سے ہوا۔ وہ بوڑھا چپکا ایک کونے میں لگا ہوا سب کی شیخیاں سن رہا تھا۔

(ب) میں چاہتا ہوں اور سچے دل سے چاہتا ہوں کہ میرے مرنے کے

بعد کوئی مذہبی رسم ادا نہ کی جائے۔ میں ایسی باتوں کو نہیں مانتا اور محض

رسم سمجھ کر انہیں اپنے آپ کو اور دوسروں کو دھوکا دینے کے برابر سمجھتا

ہوں۔ میں چاہتا ہوں کہ مرنے کے بعد میری لاش کو جلا دیا جائے۔ اگر

میں کسی دوسرے ملک میں مروں تو میری لاش کو وہیں جلا دیا جائے اور

میری راکھ کو الہ آباد بھیج دیا جائے اور اس میں سے مٹھی بھر حصہ گنگا میں

بہا دیا جائے۔


https://www.jkboseonline.com

۲۔ کسی ایک نثر پارے کو غور سے پڑھنے کے بعد آخر پر پوچھے گئے سوالات کے جواب لکھئے۔ ۲

(الف) اردو ادب میں مختصر افسانے کے فروغ سے پہلے داستانوں اور تمثیلی قصوں کا رواج تھا۔ ناول کی ابتدا بھی ہو چکی تھی۔ لیکن جیسے جیسے حالات بدلے اور زندگی کی کشمکش بڑھی، نیز فرصت اور فراغت کم ہونے لگی، تو مختصر افسانہ نگاری کا رواج عام ہوا۔ مختصر افسانے سے مراد ایک ایسی نثری کہانی ہے جس میں کوئی ایسا واقعہ بیان کیا گیا ہو جس کی ابتدا ہو، ارتقا ہو اور خاتمہ ہو اور جو زندگی کی بصیرت میں اضافہ کرے۔

(i) اردو ادب میں مختصر افسانے کے فروغ سے پہلے کن نثری اصناف کا رواج تھا؟



https://www.jkboseonline.com

(ii) کن وجوہات کی بنا پر مختصر افسانہ نگاری کا رواج عام ہوا؟

(iii) مختصر افسانے سے کس قسم کی نثری کہانی مراد ہے؟

(ب) خودی جو انسان کو برباد کرنے والی چیز ہے جب چپ چاپ سوئی ہوئی ہوتی ہے تو خوشامد اس کو جگاتی اور ابھارتی ہے۔ اور جس کی خوشامد کی جاتی ہے اس میں چھچھورے پن کی کافی لیاقت پیدا کر دیتی ہے مگر یہ بات یاد رکھنی چاہئے کہ جس طرح خوشامد ایک بدتر چیز ہے، اسی طرح مناسب اور سچی تعریف کرنا نہایت عمدہ اور بہت ہی خوب چیز ہے۔

(i) خوشامد انسان کے اندر کس چیز کو جگاتی ہے؟

(ii) جس شخص کی خوشامد کی جاتی ہے اس میں کس قسم کی لیاقت پیدا ہوتی ہے؟

(iii) نہایت عمدہ اور بہت ہی خوب چیز کیا ہے؟



https://www.jkboseonline.com

۳۔ ''ایک کہانی'' یا ''ایک یادگار وصیت'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے۔ ۵

۴۔ درج ذیل سوالات میں سے صرف دو کے جواب لکھئے۔ ۴

(i) ''حاتم کی سخاوت'' میں حاتم جنگل میں کہاں چھپا تھا؟ اور وہ کن کی باتیں سن کر باہر نکلا؟

(ii) انشائیہ ''گلاب'' میں عطرِ جہانگیری سے کیا مراد ہے؟

(iii) ''آخری قدم'' میں نیک آدمی کو اپنے دوست ''میاں مکھی چوس'' کیوں کہتے تھے؟

(iv) ''ایک یادگار وصیت'' میں نہرو جی نے اپنی راکھ کا ایک حصہ سارے بھارت میں بکھیر دینے کی وصیت کیوں کی ہے؟



https://www.jkboseonline.com

۵۔ دیئے گئے ادباء میں سے کسی ایک ادیب کے حالاتِ زندگی یا ادبی کارناموں پر روشنی ڈالئے۔ ۵

(i) میر امن دہلوی۔

(ii) رشید احمد صدیقی۔

(iii) مولوی عبدالحق۔

(یا)

''خاکہ'' یا ''انشائیہ'' پر نوٹ لکھئے۔

## حصہ "ب"

۶۔ مندرجہ ذیل اشعار میں سے صرف تین کی تشریح بحوالہ شاعر کیجئے۔ ۶

(i) ہے جدائی میں زندگی مشکل

آ جدائی نہ کر خدا سوں ڈر



https://www.jkboseonline.com

(ii) کیا ہمیں کام ان گلوں سے اے صبا

ایک دم آئے ادھر، اُدھر چلے

(iii) بجلی ہوں نظر کوہ و بیاباں پہ ہے میری

میرے لئے شایاں خس و خاشاک نہیں ہے

(iv) دل مضطر سے پوچھ اے رونق بزم https://www.jkboseonline.com

میں خود آیا نہیں لایا گیا ہوں

(v) ان نگاہوں کے سب کرشمے ہیں

ورنہ یہ اضطراب پیہم کیا

(یا)

کسی ایک شعری جز کا مفہوم شاعر اور صنف شعر کے حوالے سے لکھئے۔

(i) کہا مجنوں سے یہ لیلیٰ کی ماں نے

کہ بیٹا تو اگر کر لے ایم اے پاس



https://www.jkboseonline.com

تو فوراً بیاہ دوں لیلیٰ کو تجھ سے

بلا دقت بن جاؤں تیری ساس

کہاں مجنوں نے یہ اچھی سنائی

کُجا عاشق کُجا کالج کی بکواس

کُجا یہ فطرتی جوش طبیعت

کُجا ٹھونسی ہوئی چیزوں کا احساس

(ii) اے دل بشر وہ کون ہے جو خودستا نہیں

پر خودستائیوں کے ہیں عنواں جدا جدا

جو زیورِ خرد سے معرا ہیں سادہ لوح

کرتے ہیں خوبیاں وہ بیاں اپنی برملا

جو ان سے تیز ہوش ہیں سو سو طرح سے وہ

پردوں میں کرتے ہیں اسی مضمون کو ادا

۷۔ ''اقبالؔ'' یا ''جگرؔ مرادآبادی'' یا ''حالیؔ'' کے حالاتِ زندگی یا شاعرانہ خوبیاں تحریر کیجئے۔ ۵

۸۔ نظم ''فرضی لطیفہ'' یا ''خودستائی'' کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ ۴

۹۔ ''غزل'' یا ''مرثیہ'' یا ''مثنوی'' پر نوٹ لکھئے۔ ۴

۱۰۔ صرف دو کی تعریف مع مثال کے لکھئے۔ ۲

(i) شاہ بیت۔

(ii) تضاد۔

(iii) مطلع۔

(iv) قافیہ۔

(v) تشبیہ۔

## حصہ "ج"

۱۱۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر ۱۵۰ الفاظ پر مشتمل ایک مضمون لکھئے۔ ۱۰

(i) علم بڑی دولت ہے۔

(ii) سائنس اور ہماری زندگی۔

(iii) ماحولیاتی تحفظ انسان کی بقا کا ضامن۔

۱۲۔ اپنے اسکول کے پرنسپل کے نام اسکول میں پینے کے صاف پانی کا انتظام کرنے کے لئے درخواست کے ذریعہ استدعا کیجئے۔ ۸

(یا)

اپنے دوست کو دسویں کے امتحان میں کامیاب ہونے پر مبارک بادی کا خط لکھئے۔

https://www.jkboseonline.com

(یا)

اپنے والد صاحب کو گھریلو حالات کی جانکاری پر مشتمل ایک خط لکھئے۔

۱۳۔ سگریٹ نوشی کے مضر اثرات پر ایک اشتہاری پیغام لکھئے۔ ۷

(یا)

کسی سڑک حادثے کی اخباری رپورٹ تحریر کیجئے۔

حصہ "د"

۱۴۔ دیئے گئے سوالات میں سے صرف دو کے جواب لکھئے۔ ۱۵

(i) "علی گڑھ تحریک" کے بارے میں اپنے خیالات تحریر کیجئے۔

(ii) فورٹ ولیم کالج کی ادبی خدمات بیان کیجئے۔

(iii) اردو زبان کے آغاز کے بارے میں چند نظریات تحریر کیجئے۔

(iv) حروف ندا، حروف اضافت اور حروف استفہام کی تعریف مع مثال لکھئے۔

https://www.jkboseonline.com

۱۵۔ Objective طرز کے سوالات کے جوابات میں سے درست جواب چن لیجئے۔

(i) وہ لڑکا رشید کی مانند باتیں کرتا ہے'' اس جملے میں '' مانند'' کس قسم کا حرف ہے؟ 1

(a) حرف تشبیہ۔ (b) حرف جار۔

(ii) جو کام انجام دیا جانے والا ہو اس کو ......... کہتے ہیں۔ 1

(a) فعل حال۔ (b) فعل ماضی۔

(c) فعل مستقبل۔ (d) فعل امر۔

(iii) احمد چالاک لڑکا ہے۔ اس جملے میں '' چالاک'' قواعد کے لحاظ سے کیا ہے؟ 1

(a) اسم صفت۔ (b) فعل۔

(c) اسم۔ (d) حاصل مصدر۔

https://www.jkboseonline.com

(iv) جن کلمات کے بعد حرف جار آتا ہے ان کو ........ کہتے ہیں۔ ۱

(a) موصوف۔ (b) مُضاف۔

(c) مشارالیہ۔ (d) مجرور۔

(v) میر امن نے فورٹ ولیم کالج میں فارسی کے مشہور قصہ ''قصۂ چہار

درویش'' کا ترجمہ کس نام سے کیا ہے؟ ۱

(a) باغ وبہار۔ (b) آرائش محفل۔

(c) طوطا کہانی۔ (d) فسانۂ عجائب۔

(vi) درسی کتاب میں موجود سبق ''ایک کہانی'' کا مصنف کون ہے؟ ۱

(a) میرامن۔ (b) فرحت اللہ بیگ۔

(c) رشید احمد صدیقی۔ (d) مولوی عبدالحق۔

(a) آخری قدم۔ (b) محلے کی ہولی۔

(c) الیکشن۔ (d) ایک یادگار وصیت۔

(viii) غزل کے آخری شعر کو کیا کہتے ہیں؟ 1

(viii) غزل کے آخری شعر کو کیا کہتے ہیں؟ 1

(a) مطلع۔ (b) حسن مطلع۔

(c) مقطع۔ (d) شاہ بیت۔

(ix) مثنوی ''سحرالبیان'' کس نے لکھی ہے؟ 1

(a) دیاشنکرنسیم۔ (b) مرزا شوق۔

(c) میر حسن۔ (d) میرانیس۔


https://www.jkboseonline.com

(x) نظم ''رات اور ریل'' کس شاعر کی تخلیق ہے؟ 1

(a) حالی۔ (b) اکبرالہ آبادی۔

(c) نظیر اکبرآبادی۔ (d) اسرارالحق مجاز۔

https://www.jkboseonline.com
Whatsapp @ 9300930012
Send your old paper & get 20/-
अपने पुराने पेपर्स भेजे और 20 रुपये पायें,
Paytm or Google Pay से

https://www.jkboseonline.com